اس سوالنامے میں کل 19 سوالات اور 16 چھپے صفحات ہیں۔

**Code No. 65/S/A/U**

رول نمبر (ہندسوں میں)

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

**Set A**

# URDU
# (اردو)
## (206)

رول نمبر (الفاظ میں) ..............................

امتحان کی تاریخ اور دن ..............................

نگراں امتحان کے دستخط 1۔ ..............................

2۔ ..............................

---

ہدایات :

1- طالب علم کو سوالنامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

2- مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجیے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجیے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

3- طالب علم کو (A), (B), (C) اور (D) میں سے کوئی ایک جواب منتخب کرنا ہے اور الگ سے دیئے گئے جواب نامے میں اپنا صحیح جواب لکھنا ہے۔

4- معروضی سوالات کے ساتھ ساتھ سبھی سوالات کے جواب دیئے گئے وقت کے اندر دینے ہیں۔ معروضی سوالات کے لئے الگ سے وقت نہیں دیا جائے گا۔

5- طالب علم جوابی کاپی میں رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اُسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

6- اپنی جوابی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر 65/S/A/U, Set A کو لکھیے۔

# URDU

# (اردو)

**(206)**

وقت : 3 گھنٹے | کل مارکس : 100

**1**۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 6

(a) دیوتاؤں کی ، رشیوں کی یہ سر زمین

ذرّہ ذرّہ تری خاک کا ہے حسین

چومتا ہے قمر روز تیری جبین

تیرے جلوے نہ ہوں کس لیے دل نشین

**[ یا ]**

(b) تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں

کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں

ہوں اس کوچے کے ہر ذرّے سے آگاہ

ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

2۔ اقتباس کا نام لکھ کر درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے : 8

کہانی کے اس حصے میں افسانہ نگار نے اس کی ہیروئن پھول رانی کا تعارف کرایا ہے۔ یہ ایک ایسی نوکرانی ہے جو مختلف گھروں میں کام کرتی ہے۔ وہ خوبصورت عورت ہے اور دوسری نوکرانیوں سے بہت مختلف ہے۔ نہ تو وہ بہت زیادہ بھڑکیلے کپڑے پہنتی ہے اور نہ ہی بھاری زیور پہنتی ہے۔ اس کا رہن سہن اور بولنے کا انداز ایسا ہے جیسے بڑے گھرانے کی عورتوں کا ہوتا ہے۔ وہ جمعدارنی کی بات چیت ، تہذیب اور اس کے اچھے ڈھنگ سے کام کرنے کے انداز سے متاثر ہیں۔

**سوالات** :

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور کس نے لکھا ہے؟

(b) افسانہ نگار نے اس سبق میں کس کا تعارف کرایا اور کیوں؟

(c) سبق کی ہیروئن کی کیوں تعریف کی؟

(d) سبق میں افسانہ نگار کن باتوں سے متاثر ہوئی؟

**[ یا ]**

اور اب میں اڑتالیس برس کے بعد لوٹ کے آیا ہوں۔ میرے بیٹے میرے ساتھ ہیں۔ میری بیوی مر چکی ہے لیکن میرے بیٹوں کی بیویاں اور ان کے بچے میرے ساتھ ہیں۔ اور ہم لوگ سیر کرتے کرتے سمبل جھیل کے کنارے آ نکلے ہیں اور اپریل کا مہینہ ہے۔ سہ پہر سے شام ہو گئی ہے اور میں دیر تک پل

کے کنارے کھڑا بادام کے پیڑوں کی قطاریں دیکھتا جاتا ہوں۔ اور خنک ہوا میں سفید شگوفوں کے گُچھے لہراتے جاتے ہیں اور پگڈنڈی کی خاک پر سے کسی جانے پہچانے قدموں کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ ایک حسین دوشیزہ لڑکی ہاتھوں میں ایک چھوٹی سی پوٹلی دبائے پل پر سے بھاگتی ہوئی گزر جاتی ہے اور میرا دل دھک سے رہ جاتا ہے۔

**سوالات** :

(a) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کا نام کیا ہے؟

(b) مصنف کتنے برس بعد لوٹ کر آیا ہے؟

(c) افسانہ نگار کہاں کھڑا تھا؟

(d) لڑکی کے ہاتھوں میں کیا تھا؟

**3**۔ غزل کا ایک شعر لکھ کر غزل کی تعریف لکھئے۔ 4

**یا**

نظم کی تعریف لکھ کر اپنی کتاب کے ایک نظم گو شاعر کا نام لکھئے۔

4. ڈرامہ کی تعریف لکھئے۔ 4

یا

کہانی کسے کہتے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 10

(a) اپنے وطن سے محبت

(b) عیدالفطر کا تہوار

(c) مہاتما گاندھی جی

(d) دلی کا بازار (چاندنی چوک)

(e) میٹرو ٹرین

(f) ریل کا سفر

6. اپنے دوست کو اس کے امتحان میں کامیاب ہونے پر خط لکھ کر مبارکباد دیجئے۔ 8

یا

اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹرصاحب کو بخار ہونے کی وجہ سے ۲ دن کی چھٹی کی درخواست لکھئے۔

**7**۔ ریڈیو کی کون سی ایجاد نے کمپیوٹر صنعت میں انقلاب برپا کیا؟ 5

**یا**

سیٹیلائٹ کے ذریعے نشریات کیوں اہم ہے؟

**8**۔ میر تقی میر کی غزل کی خصوصیات لکھئے۔ 4

**یا**

نظیر اکبر آبادی کی نظم گوئی پر روشنی ڈالئے۔

**9**۔ ’’ ترانہ وطن‘‘ کے حوالے سے بتائیے کہ ’شانتی کی گنگا جمنا ‘ بہانے سے کیا مراد ہے؟ چند لائنیں لکھئے۔ 3

**یا**

حسن کا فلسفہ کیا ہے؟

**10**۔ شاعر نے چاندنی رات کو کن کن چیزوں سے تشبیہ دی ہے؟ 3

**11**۔ پروفیسر گوپی چند نارنگ کی طرز تحریر پر چند لائنیں لکھئے۔ 4

**یا**

محمد مجیب کے انداز تحریر پر چند لائنیں لکھئے۔

12۔ حامد کے دوست آخر میں دست پناہ سے کیوں متاثر ہوئے؟ 3

13۔ کبیر کے نام کے ساتھ لفظ 'داس' کیوں ہے؟ اس کے کیا معنی ہیں؟ 3

14۔ تہذیب سے کیا مراد ہے؟ 3

15۔ مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ 3

16۔ تشبیہ کی تعریف لکھئے اور مثال بھی دیجئے۔ 3

17۔ صفت تضاد کسے کہتے ہیں؟ 3

18۔ ردیف و قافیہ کی تعریف لکھئے۔ 3

19۔ نیچے دیئے گئے ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صحیح جواب چن کر اپنی جواب کی کاپی میں لکھئے : 1×20=20

(i) امینہ کو کپڑے سینے پر فہیمن سے کتنے پیسے ملے تھے؟

(A) چار آنے

(B) آٹھ آنے

(C) دس آنے

(D) چھ آنے

(ii) ہندوستان میں مسلمان کب آئے؟

(A) دسویں صدی میں

(B) ساتویں صدی میں

(C) آٹھویں صدی میں

(D) نویں صدی میں

(iii) ایک آرزو نظم سے کیا مراد ہے؟

(A) یہ نظم خوشی کے جذبات کا اظہار ہے

(B) یہ نظم شاعری کی آرزو کی ترجمانی کرتی ہے

(C) یہ نظم جانوروں کی داستان پر مبنی ہے

(D) یہ نظم قدرتی نظاروں پر مبنی ہے

(iv) بوڑھا بے ہوش کیوں ہو گیا؟

(A) وہ بہت کمزور تھا

(B) وہ بہت مایوس تھا

(C) اس کے دل پر بہت بوجھ تھا

(D) اب ایسے کام کرنے کے لئے بوڑھے کے پاس وقت نہیں تھا

(v) بھگتی تحریک کی نمایاں خصوصیت کیا ہے؟

(A) بتوں کی پوجا کرنا

(B) کٹرّ پن اور ظاہرداریوں کو چھوڑ انسان سے محبت کرنا

(C) مذہبی ظاہرداریوں کو پسند کرنا

(D) مذہبی کٹرّپن کو پسند کرنا

(vi) ' ناگزیر' کے کیا معنی ہیں؟

(A) تکلیف دینے والا

(B) نا واقف ہونا

(C) جسے ٹالا نہ جا سکے

(D) جسے برداشت نہ کیا جائے

(vii) ' تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں' سے کیا مطلب ہے؟

(A) دنیا کی آرزوؤں میں الجھ کر رہ گیا

(B) اس جہاں کی رونقیں دیکھنے کے قابل ہیں

(C) انسان کی زندگی کا مقصد عیش کرنا ہے

(D) زندگی میں مشکلات کا سامنا کرنا

(viii) کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہو ، کیا کہلاتا ہے؟

(A) صنعتِ سراعات النظیر

(B) صنعتِ تضاد

(C) صنعتِ متضاد

(D) صنعتِ بے نظیر

(ix) ' اچھی مرغی اذان دیتی بھلی نہ لگے' اس محاورے کے کیا معنی ہیں؟

(A) عورت کا گھر سے باہر نکل کر کام کرنا اچھا نہیں لگتا ہے

(B) مرغی کو اذان نہیں دینا چاہئے

(C) مرغیاں انڈے دیتی ہیں

(D) مرغوں کو اذان دینا چاہئے

(x) ’خانہ خراب‘ گرائمر میں کیا ہے؟

(A) محاورہ

(B) تشبیہ

(C) استعارہ

(D) فعل

(xi) لائبریری میں زیادہ تر اخبار پڑھنے کے لئے کون سے لوگ جاتے ہیں؟

(A) بوڑھے

(B) جوان

(C) ملازم پیشہ

(D) غریب

*(xii)* خطوط کا واحد کیا ہے؟

(A) درخواست

(B) مضمون

(C) خط

(D) کہانی

*(xiii)* مضمون کا آخری حصہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) ردعمل

(B) اختتام

(C) نفس مضمون

(D) بیانیہ

*(xiv)* ''مفلس و گدا'' کے درمیان ' و ' گرائمر میں کیا ہے؟

(A) حرف جار

(B) حرف علت

(C) حرف عطف

(D) حرف ندا

*(xv)* AutoCAD کس لئے استعمال ہوتا ہے؟

(A) انجینئرنگ اور تعمیراتی نقشے بنانے کے لئے

(B) موٹر گاڑی بنانے کے لئے

(C) جہاز رانی کے لئے

(D) بجلی بنانے کے لئے

(xvi) دلی میں ٹیلی ویژن کی نشریات کا آغاز کب ہوا؟

(A) 15 ستمبر 1959

(B) 14 اگست 1964

(C) 12 اکتوبر 1962

(D) 30 جولائی 1960

(xvii) کس آلہ کو گھمانے سے ایک 'کرسر' حرکت کرتا ہے؟

(A) مدر بورڈ

(B) ماؤس

(C) اِن پیج

(D) انٹرنیٹ

*(xviii)* ڈراما کون سی زبان کا لفظ ہے؟

(A) ایرانی زبان

(B) مصری زبان

(C) یونانی زبان

(D) ہندوستانی زبان

*(xix)* ' ودوان ' کون سی زبان کا لفظ ہے؟

(A) عربی

(B) اردو

(C) ہندی

(D) فارسی

(xx) آج ماس میڈیا کا سب سے مقبول ترین ذریعہ کون سا ہے؟

(A) اخبار

(B) ٹیلی فون

(C) ٹی وی

(D) ریڈیو

★★★